© rasailojaraid.com



عینک فریبی

# زبان میری ہے بات اُن کی

- ❑ رواں مالی سال کے آٹھ ماہ میں مہنگائی میں مسلسل اضافہ ہوا۔(سٹیٹ بینک)
- ● غربت کا گرتا ہوا گراف ہوا ہو گیا!
- ❑ اسلام، حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ کی تعلیمات کو تسلیم کرتا ہے۔(وفاقی وزیر تعلیم جاوید اشرف قاضی)
- ● مگر عیسائی اور یہودی تو حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کو تسلیم نہیں کرتے
- ❑ ''زیادتی کے واقعات کمائی کا ذریعہ ہیں'' صدر کے بیان پر دکھ ہوا۔(مختار مائی)
- ● یہ روشن خیالی ہے۔ بی بی! دُکھی نہ ہو۔
- ❑ پاکستان کے جوہری پروگرام سے کوئی خطرہ نہیں۔(اسرائیل)
- ● سانپ کے دانت نکال دیئے گئے ہیں۔
- ❑ یہودیت، عیسائیت مخالف مواد قبول نہیں۔(جاوید اشرف قاضی)
- ● قرآن مجید میں یہودیت، عیسائیت مخالف مواد موجود ہے، اس کے بارے میں کیا خیال ہے؟
- ❑ زرمبادلہ کے ذخائر کا یہ مطلب نہیں کہ ہر شہری کو چیک کاٹ کر دیں۔(شوکت عزیز)
- ● اُس باپ کی بھری ہوئی جیب کو آگ لگانی ہے، جس کی اولاد بھوکی مر رہی ہو۔
- ❑ دینی اسناد والے بارہ یونین ناظم نااہل قرار دے دیئے گئے۔(ایک خبر)
- ● جبکہ اللہ کے نزدیک سب سے بہتر (اہل) آدمی وہ ہے جو قرآن مجید پڑھے اور پڑھائے۔
- ❑ شادی جسم فروشی کا سب سے مہنگا ادارہ ہے۔(احمد فراز)
- ● کہتے ہیں شراب اندر جاتی ہے تو آدمی باہر آ جاتا ہے۔
- ❑ پی ٹی سی ایل: اندرون ملک ناک آؤٹ ریٹ، رات آٹھ بجے سے صبح آٹھ بجے تک ڈیڑھ روپیہ فی منٹ۔(ایک اشتہار)
- ● اور لوکل کالز کا بل بے بنیاد ڈال دیا جاتا ہے کہ صارف کے پاس اس کی چیکنگ کا کوئی ذریعہ نہیں۔
- ❑ اسلامیات سمیت تمام مضامین کا نصاب تبدیل ہوگا۔(صدر پرویز)
- ● مسلمانوں کے دل سے روحِ محمد ﷺ نکالنے کا پروگرام!

---

© rasailojaraid.com